"مدیر کے قلم سے



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: حدائق الحنفیہ مصنف: مولانا فقیر محمد جہلمیؒ مرتبہ مع حواشی وتکملہ: جناب خورشید احمد خان صاحب

ضخامت: ۵۴۰ صفحات قیمت: -/۱۸۰ روپے

ناشر: المیزان ناشران وتاجران کتب الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

فقہ اسلامی کی باقاعدہ تدوین کا کام سب سے پہلے امام اعظم ابوحنیفہؒ نے شروع کیا تھا جسے ان کے نامور تلامذہ خصوصاً صاحبین امام ابو یوسف اور امام محمد نے اپنی تصانیف کے ذریعہ پایہ تکمیل تک پہنچایا' ان کے بعد ان کے متبعین نے نہ صرف فروعات وجزئیات کی تشریح وتوضیح کی بلکہ اپنے اپنے دور میں پیش آنے والے نئے نئے مسائل کا فقہی حل تلاش کئے۔ یہ حقیقت ہے کہ فقہ کے سلسلے میں جتنا کام حنفی فقہاء نے کیا ہے کسی اور مسلک کے متبعین نہیں کر سکے۔ حدائق الحنفیہ آسمان علم کے انہی تابندہ ستاروں کی داستانِ حیات اور ان کے علمی وفقہی کارناموں کا تذکرہ ہے جن کی روشنی سے ہر دور میں دنیائے اسلام جگمگاتی رہی۔

مولانا فقیر محمد صاحبؒ نے اس کتاب میں حنفی علماء کا جامع تذکرہ اردو زبان میں پیش کیا ہے۔ جس میں امام اعظمؒ سے لے کر ۱۳۰۰ھ تک پوری دنیا کے چیدہ چیدہ حنفی علماء وفقہاء کے حالاتِ زندگی جمع کر دیئے ہیں۔ برصغیر کے مسلمانوں کی غالب اکثریت فقہ حنفی کی پیرو ہے مگر اس کے باوجود یہاں گزشتہ صدی کے دوران دنیا بھر کے حنفی علماء پر کوئی دوسری کتاب منظر عام پر نہیں آئی اور ایک صدی سے زیادہ عرصہ گزرنے کے باوجود بھی حدائق الحنفیہ اردو زبان میں اپنے موضوع پر پہلی اور آخری کتاب ہے۔

کتاب کی اہمیت اور افادیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس موضوع سے متعلق کام کرنے والا کوئی بھی محقق اس سے بے نیاز نہیں رہ سکا۔ جہاں انسائیکلو پیڈیا آف اسلام انگلش اور پروفیسر بروکلمان کی تاریخ ادب عربی (جرمن) مطبوعہ لیدن' خدابخش لائبریری پٹنہ کٹیلاگ (انگلش) میں جا بجا اس کے حوالے ملتے ہیں۔ وہاں تذکرہ علماء ہند فارسی اور نزہۃ الخواطر عربی میں بھی اس سے بھرپور استفادہ کیا گیا ہے۔

جناب خورشید احمد خان صاحب نے اس کی ترتیب اور تحشیہ پر عرق ریزی سے کام کیا ہے اور ساتھ ساتھ تکملہ میں ۱۰۳ حنفی علماء کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ تاریخی دستاویز اور علمی وتحقیقی مرقع المیزان ناشرانِ کتب لاہور نے بہترین انداز اور نئے اسلوب وآب وتاب کے ساتھ شائع کر کے یقیناً داد وتحسین کے مستحق ہیں۔